سوال نمبر: 1619

منجانب: صوبیہ شاہد صاحبہ، رکن صوبائی اسمبلی

| کیا وزیر محکمہ انتظامیہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ | محکمانہ جواب |
|---|---|
| (الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ انتظامیہ کے زیر نگرانی سول کوارٹرز میں سرکاری افسران واہلکاروں کے لئے گھر اور فلیٹ موجود ہیں؟ | جی ہاں۔ |
| (ب) اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو:۔<br>(i) ٹائپ ایف (F) اور جی (G) میں کل کتنے فلیٹس ہیں تفصیل فراہم کی جائے۔<br>(ii) ٹائپ ایف اور جی فلیٹوں میں رہائشی اور الاٹ شدہ ملازمین کے نام عہدہ، محکمہ، بنیادی سکیل اور تاریخ پیدائش و ریٹائرمنٹ سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔ | (i) سول کوارٹرز میں (ایف ٹائپ) فلیٹس کی تعداد 32 جبکہ (جی ٹائپ) فلیٹس کی تعداد 22 ہے۔<br>متذکرہ بالا فلیٹس میں مختلف محکموں کے گریڈ 17 سے گریڈ 20 تک کے اعلیٰ افسران رہائش پذیر ہیں اور سکیورٹی خدشات کے پیش نظر محکمہ انتظامیہ ان افسران کا ذاتی ڈیٹا پبلک/مہیا کرنے سے قاصر ہے۔ |